بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

منقبت

محبوبِ سبحانی، قندیلِ لامکانی ابومحمد محی الدین سیّد عبدالقادرؒ جیلانی قدس اللہ سرہ العزیز

قادرِ کُل کی قدرتوں کا نِشاں، غوثِ اعظمؒ، مِرے شہِ جیلاںؒ
قطبِ اقطاب، منبعِ عرفاں، غوثِ اعظمؒ، مِرے شہِ جیلاںؒ

رمز ہیں فیضِ کبریائی کی، ہیں جھلک حُسنِ مصطفائی کی
نور افشاں ستارۂ ایقاں، غوثِ اعظمؒ، مِرے شہِ جیلاںؒ

ماہِ طیبہ کی چاندنی ہیں آپ، باغِ زہراؓ کی اک کلی ہیں آپ
شانِ حیدرؓ کی اک انوکھی شاں، غوثِ اعظمؒ، مِرے شہِ جیلاںؒ

صاحبِؐ قبلتین کی خوشبو، وہ حسنؓ اور حسینؓ کی خوشبو
جن سے مانگیں مہک گُل وریحاں، غوثِ اعظمؒ، مِرے شہِ جیلاںؒ

سر پہ دستار ہے شریعت کی، ہے نظر رازداں حقیقت کی
سینۂ پاک معدنِ قرآں، غوثِ اعظمؒ، مِرے شہِ جیلاںؒ

بازِ اشہب کا کون ثانی ہے، وہ کہ قندیلِ لامکانی ہے
نور افروز، وہ مہِ تاباں، غوثِ اعظمؒ، مِرے شہِ جیلاںؒ

علم واسرار، فہم و دانائی، ایسی فکر و نظر کی گہرائی
ایک اک حرف گویا صد دِیواں، غوثِ اعظمؒ، مِرے شہِ جیلاںؒ

یوں تو بغداد میں ٹھکانہ ہے، پر تصرّف میں ہر زمانہ ہے
چشمِ غوثی ہے درد کا درماں، غوثِ اعظمؒ، مِرے شہِ جیلاںؒ

سب عروج وزوال جانتے ہیں، وہ مریدوں کا حال جانتے ہیں
دلِ ہر اک محب ہے ان کا مکاں، غوثِ اعظمؒ، مِرے شہِ جیلاںؒ

جن کو حاصل ہے ساتھ مرشد کا، ہاتھ میں جن کے ہاتھ مرشد کا
ان کی ہوتی ہیں منزلیں آساں، غوثِ اعظمؒ، مِرے شہِ جیلاںؒ

شاہِ بغداد اب عنایت ہو، کاش محفل میں ہی زیارت ہو
پورا حامدؔ کا آج ہو ارماں، غوثِ اعظمؒ، مِرے شہِ جیلاںؒ

سیّد حامدؔ یزدانی

ٹورانٹو ۱۱۔ربیع الثانی ۱۴۴۲ھ